## آزاد کشمیر کابینہ میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کی شمولیت

## ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے عہدیداروں اور سینکڑوں کارکنوں کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت

## طاہر کھوکھر کی ایم کیو ایم کے عہدیداروں اور کارکنوں کے ہمراہ سائیں سہیلی سرکار کے دربار پر حاضری

## قائد تحریک الطاف حسین اور کشمیری عوام کی جانب سے ملنے والے اس اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچنے دونگا، طاہر کھوکھر

مظفرآباد۔۔۔14، جنوری 2009ء۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے آزاد کشمیر میں وزیر کی حیثیت سے حلف اٹھالیا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب کی گیارہ رکنی کابینہ سے صدر آزاد کشمیر راجہ ذوالقرنین حیدر نے ایوان صدر مظفرآباد میں حلف لیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے سینکڑوں کارکنوں نے بھی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی جو قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اور پارٹی پرچم اٹھائے ہوئے تھے۔ اس موقع پر ایوان صدر قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے نعروں سے گونج اٹھا۔ تقریب حلف برداری کے بعد ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر ملک تنویر، دیگر عہدیداروں اور کارکنوں نے طاہر کھوکھر کو کابینہ میں شمولیت پر مبارکباد پیش کی۔ بعدازاں طاہر کھوکھر نے آرگنائزر آزاد کشمیر ملک تنویر اور دیگر عہدیداروں اور کارکنوں کے ہمراہ ایک جلوس کی شکل میں سائیں سہیلی سرکار کے دربار پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی طرف سے پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر طاہر کھوکھر اور آرگنائزر آزاد کشمیر ملک تنویر نے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے اس شاندار کامیابی پر قائد تحریک کی جانب سے مبارکباد دی اور کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکروفلسفہ اس جوش وجذبے سے پھیلانے کا عمل جاری رکھا جائے تو کوئی ایسی وجہ نہیں کہ پورے آزاد کشمیر میں حق پرست نمائندے اس طرح کامیاب نہ ہوں۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور کشمیری عوام کی جانب سے ملنے والے اس اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچنے دونگا اور کشمیریوں کی خدمت کیلئے میرے دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔ انہوں نے کارکنوں سے بھی اپیل کی کہ میری وزارت کے لئے مثبت تجاویز دیں تاکہ بہتر انداز میں تحریکی نظم وضبط کے ساتھ آپ کی اور اہلیان کشمیر کی خدمت کرسکوں۔

## ایم کیو ایم کی جانب سے اٹھارہویں ترمیم بل پر ایم کیو ایم کے ارکان پارلیمنٹ کی مختلف سیاسی جماعتوں کے ارکان پارلیمنٹ سے ملاقاتیں

## مسلم لیگ ن کے رہنما خواجہ محمد آصف، مسلم لیگ ق کے پارلیمانی لیڈر فیصل صالح حیات اور جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر رحمت اللہ کاکڑ سے ایم کیو ایم کے وفد کی ملاقاتیں

اسلام آباد۔۔۔14، جنوری 2009ء۔۔۔قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی کی سربراہی میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی کے وفد نے ایم کیو ایم کی جانب سے اٹھارہویں ترمیم کے پیش کردہ بل پر مختلف سیاسی جماعتوں کی حمایت حاصل کرنے کیلئے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کردیا ہے۔ حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ محمد آصف سے ایوان میں ملاقات کی اس موقع پر ایم کیو ایم کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ اصولی طور پر ہم اس بل کی حمایت کرتے ہیں اور اس کی روح سے ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہماری پارٹی اس بل کا مطالعہ کرے گی اور تفصیلی جائزے کے بعد اس پر اپنا مئوقف دے گی۔ ایم کیو ایم کے وفد نے مسلم لیگ (ق) کے پارلیمانی لیڈر سید فیصل صالح حیات سے بھی ملاقات کی انہیں اپنے بل کا مسودہ پیش کیا۔ جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر رحمت اللہ کاکڑ سے بھی ایم کیو ایم کے اراکین اسمبلی نے ملاقات کی اور انہیں ترمیمی بل کے مسودے کی کاپی دی جس پر انہوں نے کہا کہ ہماری مجلس شوریٰ اس مسودے کا تفصیلی جائزہ لے گی اور فیصلہ کرے گی۔ ایم کیو ایم کے وفد میں اراکین قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، آصف حسنین اور عبدالرشید گوڈیل شامل تھے

## حقیقی دہشت گرد مہاجر دشمن عناصر کے ساتھ ملکر شہر کو ایک بار پھر دہشت گردی کی آگ میں جھونک دینا چاہتے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## جرائم پیشہ عناصر کے اس ٹولے کا مقصد صرف اور صرف مجرمانہ کارروائیاں کرنا،لوٹ مار اور جرائم کی وارداتیں کرنا ہے

کراچی۔۔۔14؍جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی کے علاقوں لانڈھی اور قائدآباد کے علاقوں میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی جانب سے دہشت گردی کی کارروائیوں کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حقیقی دہشت گردوں نے دیگر جرائم پیشہ اور مہاجر دشمن عناصر کے ساتھ ملکر جس طرح کراچی میں قائدآباد،داؤد چورنگی اور لانڈھی ایک نمبر کے اطراف کے علاقوں سے گزرنے والے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدرد مہاجر نوجوانوں، بزرگوں کو اغوا کرکے انہیں تشدد کا نشانہ بنارہے ہیں اور مہاجر خواتین سے بدتمیزی کررہے ہیں ان کی تشدد پسند کارروائیوں کے باعث لانڈھی کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کا قائدآباد،داؤد چورنگی اور لانڈھی ایک نمبر کے اطراف کے علاقوں سے گزرنا دشوار ہوگیا ہے جبکہ یہ حقیقی دہشت گرد قائدآباد کے علاقے شیر پاؤ کالونی میں بیٹھ کر لانڈھی کے تاجروں، دکانداروں اور کاروباری شخصیات کو خوفزدہ کرکے جس طرح گن پوائنٹ پر ان سے بھتے لے رہے ہیں اسکے باعث لانڈھی کے تاجروں اور دکانداروں میں بھی بہت تشویش پائی جاتی ہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ حقیقی دہشت گردوں کی ان دہشت گردیوں سے ایک بار پھر ثابت ہوگیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے اس ٹولے کا مقصد صرف اور صرف دہشت گردی، مجرمانہ کارروائیاں کرنا،لوٹ مار کرنا اور جرائم کی وارداتیں کرنا ہے اور اب یہ مہاجر دشمن عناصر کے ساتھ ملکر شہر کو ایک بار پھر دہشت گردی کی آگ میں جھونک دینا چاہتے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ سندھ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ حقیقی دہشت گردوں کی دہشت گردیوں کے بارے میں ایم کیوایم کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ میں بیان کیے جانے والے حقائق کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے اور جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں اور ان کی سرپرستی اور معاونت کرنے والے سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاتفریق فی الفور کارروائی کی جائے۔

## میرپورخاص کی یونین کونسل بلوچ آباد کے یوسی ناظم امتیاز علی پہنور کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔14؍جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ضلع میرپورخاص کی یونین کونسل بلوچ آباد کے یوسی ناظم امتیاز علی پہنور کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ امتیاز علی پہنور کے انتقال سے بلوچ آباد کے عوام ایک اچھے اور عوام دوست عوامی نمائندے سے محروم ہوگئے ہیں۔جناب الطاف حسین نے امتیاز علی پہنور مرحوم کے تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ امتیاز علی پہنور مرحوم کی مغفرت فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد یٰسین انتقال کرگئے،قائد تحریک الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14؍جنوری2009ء۔۔۔ایم کیوایم ایلڈرز ونگ نیوکراچی سیکٹر کے سابق رکن محمد یٰسین طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون)مرحوم کی عمر70 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے بیمار تھے۔محمد یٰسین مرحوم نے بیوہ، تین بیٹے اور ایک بیٹی سوگوار چھوڑی ہیں۔محمد یٰسین مرحوم کو نیوکراچی کے صدیق آباد قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز عصر جامعہ مسجد صدیقیہ نیوکراچی سیکٹر D-5 میں ادا کی گئی۔ جنازے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے اراکین، یوسی ناظمین، سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے محمد یٰسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان محمد یٰسین کے انتقال پر غمزدہ ہیں اور آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد یٰسین مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ایلڈرز ونگ کی مرکزی کمیٹی نے بھی محمد یٰسین کے انتقال پر ان کے لواحقین سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## محمود آباد سیکٹر یونٹ 2 کے عامر عرف بوبی نامی شخص کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔14 ؍جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمود آباد سیکٹر یونٹ 2 کے رہائشی شخص عامر عرف بوبی سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عامر عرف بوبی جرائم پیشہ سرگرمیوں میں ملوث ہے اوراپنی سماج دشمن سرگرمیوں کیلئے ایم کیو ایم کا نام استعمال کررہا ہے جبکہ اس شخص کا ایم کیو ایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔14 ؍جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-140 کے کارکن عبداللہ کی اہلیہ محترمہ فریدہ اورایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کے کارکن محسن کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆